تعارف

ہم مشاہدہ کرتے ہیں کہ لوگ اپنی روزی روٹی کمانے کے لیے مختلف قسم کی سرگرمیوں میں مشغول ہوتے ہیں۔ یہ لوگ آمدنی کیوں کماتے ہیں؟ وہ اپنے احتیاجات کی تسکین کے لیے آمدنی حاصل کرتے ہیں۔

فرہنگ اصطلاحات

خواہش (Desire)	:	کسی چیز کے اپنے پاس ہونے کی محض خواہش۔
احتیاج (wants)	:	وہ خواہش جس کے لیے رقم ہو اور خریدنے کی آمادگی۔
ضروریات (ناگزیر احتیاج) (Necessities)	:	وہ احتیاج جو زندگی کے وجود کے لیے ضروری ہو۔
آسائش (Comforts)	:	وہ احتیاج جس سے ہماری زندگی آرام دہ اور آسان ہو جاتی ہے۔
تعیّشات (Luxuries)	:	وہ احتیاج جو ہمیں خوشی دیتی ہے اور ہماری انا کو تسکین دیتی ہے۔
معاشی احتیاجات (Economic wants)	:	وہ احتیاج جس سے بازار سے خریدی گئی اشیا/ خدمات کے ذریعہ تسکین ہوتی ہے۔
غیر معاشی احتیاجات (Non- economic wants)	:	وہ احتیاج جس سے بازار سے نہیں خریدی گئی اشیا/ خدمات سے تسکین ہوتی ہے۔

- خواہش (Desire) اور احتیاج میں فرق ہے۔
- کسی چیز کا محض اپنے پاس ہونا خواہش ہے۔
- انسانی احتیاجات کو ناگزیر ضرورتوں، آسائش اور تعیّشات میں درجہ بند کیا جاسکتا ہے۔
- احتیاج جو زندگی کے وجود کے لیے ضروری ہیں ناگزیر احتیاج یا ضروریات (ncesssities) کہلاتی ہیں جیسے کھانا، کپڑا اور پناہ گاہ۔
- احتیاجات جو ہماری زندگی کو سہل اور آرام دہ بناتے ہیں آسائش (comforts) کہلاتے ہیں جیسے کولرس، اسکوٹر وغیرہ۔
- وہ اشیا جو ہمیں خوشی دیتی ہیں اور ہماری انا کو تسکین پہنچاتی ہیں اور بہت مہنگی ہوتی ہیں تعیّشاتی اشیا کہلاتی ہیں۔ جیسے ہیرا، 7 اسٹار ہوٹل یا سیر گاہ (resorts) وغیرہ میں قیام کرنا۔
- معاشی ترقی اس وقت واقع ہوتی ہے یا معیشت نمو تبھی ہوتی ہے جب لوگوں کی قوت بھی بڑھتی ہے۔ کسی فرد کی قوت خرید میں اس اضافے سے تبدیلی پیدا ہوسکتی ہے اور احتیاجات میں وسعت ہوسکتی ہے۔

احتیاجات کی خصوصیات

1۔ احتیاجات غیر محدود ہوتی ہیں۔
2۔ ایک اکیلی احتیاج لائق تحسین ہوسکتی ہے۔
3۔ احتیاجات (wants) بار بار پیدا ہوتی ہیں۔

4۔ احتیاجات مختلف نوعیت کی ہوتی ہیں۔

5۔ موجودہ احتیاجات مستقبل کے احتیاجات سے زیادہ اہم ہوتی ہیں۔

6۔ احتیاجات سے ترقی کے ساتھ ساتھ تبدیلی اور وسعت پیدا ہوتی ہے۔

معاشی اور غیر معاشی احتیاجات

- وہ وسائل جو ہم اپنے احتیاجات کی تسکین کے لیے استعمال کرتے ہیں وہ محدود یا کمیاب ہوتے ہیں۔
- احتیاجات کی تسکین کے لیے اشیا کو قیمت ادا کر کے بازار سے خریدتے ہیں۔
- ایسی اشیا کے ذریعہ جن احتیاجات کی تسکین کی جاسکتی ہے انہیں معاشی احتیاجات کہا جاتا ہے۔
- کچھ اشیا کو قیمت کی ادائیگی کے ذریعہ نہیں خریدا جاسکتا۔ ایسی اشیا کے ذریعہ جن احتیاجات کی تسکین کی جاتی ہے انھیں غیر معاشی احتیاجات کہا جاتا ہے۔
- جب کھانا بنانے کے لیے ہمیں خادمہ کی ضرورت ہوتی ہے تو یہ ہمارا معاشی احتیاج ہے اور ماں کے ذریعہ کھانا بنایا جاتا ہے تو یہ غیر معاشی ضرورت بن جاتی ہے۔
- پرانے زمانے میں انسان غذا، کپڑے اور پناگاہ کی سادہ مدوں سے تسکین حاصل کرتا تھا۔ لیکن ترقی اور علم میں اضافے کے ساتھ ہماری احتیاجات کی نوعیت اور تعداد دونوں اعتبار سے بڑھ گئی ہے۔
- ہندوستانی فلسفہ محدود احتیاجات میں یقین رکھتا ہے۔
- ہمارے محدود وسائل کی بنا پر ہم اپنی تمام حاجتوں کی تسکین کے اہل نہیں ہوتے۔ اس لیے اس سے بہت سی ناآسودگی بڑھ جاتی ہے۔
- احتیاجات کو محدود کرنے سے ہمیں تسکین اور خوشی ملتی ہے۔

خود قدر شناسی کیجیے

1۔ خواہش (desire) کا مطلب واضح کیجیے۔ یہ احتیاج (want) سے کس طرح مختلف ہے؟

2۔ ناگزیر احتیاجات (ضروریات)، آسائش اور تعیّشات کے درمیان فرق کیجیے۔

3۔ احتیاجات کی اہم خصوصیات کیا ہیں؟

4۔ ترقی کے ساتھ ساتھ کس طرح احتیاجات تبدیل ہوتے ہیں اور ان میں وسعت پیدا ہوتی ہے؟

5۔ ہندوستانی فلسفہ ''احتیاجات'' کو محدود کرنے کی تائید کیوں کرتا ہے؟